نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کی زیر صدارت پنجاب ایگریکلچرل ریسرچ بورڈ کے 46ویں اجلاس کا انعقاد۔زرعی تحقیق کے لئے 34 کروڑ 33 لاکھ روپے سے زائد لاگت کے 16 مختلف منصوبہ جات کی منظوری پیداواری اہداف کے حصول کے لئے زرعی تحقیق کے ثمرات کا شتکاروں تک پہنچنا ضروری ہیں۔وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور20دسمبر2021: زرعی ریسرچ منصوبہ جات کے ثمرات کا شتکاروں تک پہنچنا ضروری ہیں تا کہ وہ اُن کی پیداواری لاگت میں کمی اور فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہو سکے۔زرعی منصوبہ جات مارکیٹ اور کمرشل پیمانے پر ڈیمانڈ کے مطابق ترتیب دیئے جائیں تا کہ عوام کو معیاری زرعی اجناس سستے داموں مل سکیں ان خیالات کا اظہار وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے پنجاب ایگریکلچرل ریسرچ بورڈ کے 46ویں اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر چیف ایگزیکٹو پارب ڈاکٹر عابد محمود نے اجلاس کا ایجنڈہ پیش کیا۔اجلاس میں پارب کی ایگزیکٹو کمیٹی کی جانب سے تجویز کردہ 18 منصوبہ جات جن میں سے مجموعی طور پر 34 کروڑ 33 لاکھ روپے سے زائد لاگت کے 16 زراعت و لائیو اسٹاک کے مختلف منصوبہ جات کو بورڈ ممبران نے متفقہ طور پر منظور کیا اور صوبائی وزیر زراعت پنجاب نے 18 کروڑ روپے سے زائد کی رقم سے 6 زراعت کے متعلقہ اور 16 کروڑ روپے کی لاگت سے 10 لائیو اسٹاک کے متعلقہ منصوبہ جات کی منظوری دی۔اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت نے کہا کہ زرعی سائنسدانوں کو قومی پیداوار میں اضافے اور بہتر آؤٹ پٹ کے لیے اپنا تعمیری کردار ادا کرنا ہوگا۔زرعی منصوبہ کی کمرشل پیمانے پر عملدرآمد کی ضرورت ہے جس سے کاشتکاروں کے منافع میں اضافہ کے علاوہ عوام کی ڈیمانڈ پوری ہو اور قیمتوں میں بھی استحکام پیدا ہو سکے۔اس کے علاوہ ایسے کولڈ سٹوریج بنانے کی ضرورت ہے جس سے سبزیات اور پھلوں کی شیلف لائف بڑھائی جا سکے۔سیکرٹری زراعت پنجاب اسد رحمان گیلانی نے اس موقع پر کہا کہ ریسرچ کا مقصد "ریسرچ برائے ریسرچ" نہیں ہونی چاہیے بلکہ ایسی اقسام کی تیاری ہونا چاہیے جو تجارتی پیمانے پر کاشتکاروں کے منافع میں اضافہ کر سکیں۔انھوں نے چیف ایگزیکٹو پارب ڈاکٹر عابد محمود کو اب تک پارب کی فنڈنگ سے ہونی والی ریسرچ سے حاصل ہونے والے نتائج پر تفصیلی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔جلاس میں بورڈ ممبران ممبر صوبائی اسمبلی مسز شاہدہ احمد،سید خاور شاہ،سیکرٹری زراعت پنجاب اسد رحمان گیلانی،صدر کسان اتحاد خالد کھوکھر سمیت دیگر ممبران نے شرکت کی

☆☆☆☆